نیٹ سول ٹیکنالوجیز لمیٹڈ

NETSOL
NASDAQ:NTWK

حتمی نقد منافع منقسمہ کا الیکٹرانک کریڈٹ (D-7)
برائے سال مختتمہ 30 جون 2019ء

کمپنی باخوشی اپنے قابل قدر حصص یافتگان کو مطلع کرتی ہے کہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے 28 فیصد کے حساب سے حتمی نقد منافع منقسمہ (2.80 روپے فی حصص) جس کی منظوری 21 اکتوبر 2019ء کو منعقدہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں دی گئی تھی، بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار ان حصص یافتگان کے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں 8 نومبر 2019ء کو منتقل کر دیئے گے ہیں جنہوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کارآمد کاپی اور فعال انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم کر دیئے تھے۔

انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی عدم دستیابی کے باعث نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی میں رکاوٹ

حصص یافتگان کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017ء کے ضابطہ نمبر 6 (ii) کے تحت ان حصص یافتگان کو الیکٹرانک طریقے سے منافع منقسمہ کی ادائیگی نہیں کی جاسکی جنہوں نے اپنے بینک اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات (بشمول 24 ہندسوں کا IBAN نمبر) فراہم نہیں کی ہیں، لہٰذا ایسے تمام حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اگر ان کے حصص بُک انٹری کی صورت میں ہیں تو یہ معلومات اپنے بروکر (پارٹیسپینٹ) / CDC کو جمع کرائیں / ارسال کریں اور طبعی شکل میں حصص کے حامل حصص یافتگان یہی مطلوبہ معلومات بذریعہ ڈاک / کوریئر کمپنی کے حصص رجسٹرار میسرز ویژن کنسلٹنک لمیٹڈ، 3۔سی، ایل ڈی اے فلیٹس، لارنس روڈ، لاہور کو بھیجیں۔ روکے گئے منافع منقسمہ کی ترسیل / الیکٹرانک منتقلی مطلوبہ معلومات حاصل ہونے کے 15 دن کے اندر کر دی جائے گی۔

سینٹرلائیزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR)

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) نے ایک سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) تیار کیا ہے، یہ ایک ای۔سروس ویب پورٹل ہے جو لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے ادا کردہ، روکے گئے یا ادا نہ کیے گئے حتمی نقد منافع منقسمہ سے متعلق تفصیلات پر مشتمل ہوگا۔ CCDR لسٹڈ کمپنیوں کے حصص یافتگان کو ادا شدہ منافع منقسمہ کا ریکارڈ مرتب کرنے میں مدد کرے گا اور متعلقہ حصص یافتگان کو ان تمام تفصیلات تک رسائی دی جائے گی۔ ویب پورٹل لسٹڈ کمپنیز کے حصص یافتگان کو سینٹرل رجسٹر سے نقد منافع منقسمہ کی معلومات حاصل کرنے اور ان کو ریکارڈ کی غرض سے محفوظ کرنے میں مددگار رہوگا۔ آپ درج ذیل لنک سے CCDR تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں:

http://eservices.cdcaccess.com.pk مزید برآں آپ اپنے منافع منقسمہ / زکوٰۃ اور ٹیکس کی کٹوتی کی رپورٹ بھی براہِ راست اپنے پارٹیسپینٹ (اسٹاک بروکر) سے حاصل کر سکتے ہیں جو انہیں ان کے CDC ٹرمنلز پر فراہم کر دی گئی ہے۔ مزید یہ کہ آپ اس رپورٹ کی نقل اپنے فراہم کردہ / رجسٹرڈ ای میل ایڈرس پر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

عدم وصولی یا دیگر کسی قسم کی معلومات کے لیے براہ مہربانی ہمارے حصص رجسٹرار سے درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں:

حصص رجسٹرار میسرز ویژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، 3۔سی، ایل ڈی اے فلیٹس، لارنس روڈ، لاہور۔

سحرش
کمپنی سیکریٹری

لاہور
12 نومبر 2019ء